© rasailojaraid.com



# خبرنامہ

ادارہ

## ڈنمارک کی زبان میں پہلا ترجمہ قرآن مجید

ڈنمارک کی ایک غیر مسلم خاتون ایلین وولف نے قرآن کریم کا ڈنمارکی زبان میں ترجمہ کیا ہے۔ اس خاتون نے عربی زبان میں ڈاکٹریٹ کی سند لے رکھی ہے، قرآن کا یہ ڈنمارکی ترجمہ ۵۴۴ صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں عربی متن شامل نہیں ہے۔

۱۲/ نومبر کو کوپن ہیگن یونیورسٹی نے فولیٹ فنڈ کو سنسٹن نام کے ناشر کے تعاون سے اس ترجمے کے اجرا کی تقریب منعقد کی، اس تقریب اجرا میں مجلس اسلامی ڈنمارک کے صدر کے علاوہ مختلف اداروں، جماعتوں اور اکیڈمیوں کے ذمہ داران اور ڈنمارک کے معزز افراد نے شرکت کی، کچھ مستشرقین بھی اس پروگرام میں شریک تھے، ترجمہ قرآن میں عربی متن کو شامل نہ کرنے کی وجہ بتاتے ہوئے ایلین وولف نے کہا کہ اس کی کم ضخامت قارئین کو زیادہ متوجہ کر سکے گی اور قاری دو زبانوں کے درمیان الجھے گا نہیں جب کہ ان میں سے ایک زبان (عربی) سے وہ بالکل ہی ناواقف بھی ہے۔ ایلین کا کہنا ہے کہ ترجمہ کرنے میں اسے بہت محنت کرنی پڑی اور اس کام کو مکمل کرنے میں اسے تین سال کا عرصہ لگا۔ (سہ روزہ دعوت ۴/ دسمبر ۲۰۰۶ء)

## قرآن کے قدیم مخطوطہ کا تحفظ

چین میں قرآن مجید کے ۷۰۰ سال پرانے مخطوطہ کو تباہ ہونے سے بچانے کے لیے ۵۵ ہزار امریکی ڈالر سے چینی ماہرین اسے درست کریں گے اور اس میں دو ماہ کا عرصہ لگے گا، دو جلدوں میں ۸۶۷ صفحات پر مشتمل اس نسخہ کو چین میں ہاتھ سے تحریر کردہ

© rasailojaraid.com